اور چھن جانے والے مال بردار گاڑیوں ... وزارت تجارت، فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حکام مل بیٹھ کر ہمیں ایک ہفتہ بعد قابل عمل حل سے آگاہ کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سینیٹ سیکرٹریٹ اسلام آباد میں کم ترقی یافتہ علاقہ جات کے متعلق کمیٹی کے اجلاس کی صدارت سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سینیٹر منظور خان کاکڑ، سینیٹر دنیش کمار، قاضی، وفاقی ... کے سیکرٹری، ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک اور کمیٹی کے اراکین سینیٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے سال 2016 میں جاری کردہ سرکلر میں بارڈر ٹریڈ کیلئے ایکسپورٹ فارم کو لازمی قرار دیا گیا جس کے خلاف چیمبر آف کامرس اور صوبے کے ایکسپورٹرز اور امپورٹرز نے عدالت عالیہ بلوچستان سے رجوع کیا

## بلوچستان میں دہشتگرد تنظیموں کیخلاف ہر حد تک جائینگے، میجر جنرل عابد مظہر

دشمنان پاکستان نے ایک گھٹیا حرکت کے ذریعے موسیٰ خیل کا امن خراب کرنے کی ناپاک کوشش کی، آئی جی ایف سی

امن و امان قائم کرنے کے لیے پاک فورس ہر وقت تیار و چوکنا ہے، موسیٰ خیل میں امن جرگہ، تمام سردار، ملک و معتبرین شریک

موسیٰ خیل (آن لائن) ڈپٹی کمشنر آفس موسیٰ خیل میں گزشتہ روز آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر کی سربراہی میں ایک جرگہ منعقد ہوا جس میں ان کے ساتھ بریگیڈیئر لورالائی سکاؤٹ ژوب اور ژوب ملیشیا ... نے بھی شرکت کی جرگہ کی میزبانی کے فرائض ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل کیپٹن ریٹائرڈ جمعہ داد مندوخیل نے سرانجام دیے جرگہ میں پورے ضلع کے تمام سردار، ملک، معتبرین اور سفید ریش ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

نے شرکت کی جرگے سے خطاب میں آئی جی ایف سی نے کہا کہ امن و امان قائم کرنے کے لیے پاک فورس ہر وقت تیار و چوکنا ہے خوارجوں بی ایل اے اور دوسری دہشت گرد تنظیموں کے خلاف ہر حد تک جائینگے تاکہ ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ ہو جائے اور اس جنگ میں آپ بھی ہمارا ساتھ دیں موسیٰ خیل بلوچستان کا ایک پرامن ضلع ہے

## بلوچستان میں لوگوں کو اٹھائے جانے کا عمل تیز ہو گیا، سینیٹر کامران مرتضیٰ

غیر قانونی طور پر لوگ اٹھائے جاتے، الزام سکیورٹی فورسز پر لگتا، احتجاج پر بلوچستان کی شاہراہیں بند کر دی جاتی ہیں

کچھ میں کئی روز سے حکومتی رٹ موجود نہیں تھی، وفاقی فورسز کی موجودگی میں سب ہو رہا ہے، سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے بلوچستان میں لوگوں کو اٹھائے جانے کا عمل تیز ہو گیا، غیر قانونی طور پر لوگ اٹھائے جاتے ہیں جن کا الزام سکیورٹی فورسز پر لگتا ہے، احتجاج پر بلوچستان کی شاہراہیں بند کر دی جاتی ہیں، کچھ میں کئی روز سے حکومتی رٹ موجود نہیں تھی، وفاقی فورسز کی موجودگی میں سب ہو رہا ہے، سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا حکومت اور وفاقی فورسز پر الزامات لگ رہے ہیں، بلوچستان دور ہوتا جا رہا ہے، صوبے میں حالات بہت زیادہ خراب ہو چکے ہیں، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا بلوچستان کا مسئلہ کئی دہائیوں پر مشتمل ہے، بیرونی مداخلت ڈھکی چھپی نہیں، لاپتہ افراد کے کمیشن کو دوبارہ فعال کر دیا گیا۔

## پولیو فری بلوچستان کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، کمشنر لورالائی

کوئی بھی بچہ مس نہ ہو اور پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو دو قطرے ضرور پلائے ہیں کوئی بھی اہلکار لاپرواہی نہ کرے

لورالائی میں سکیورٹی کا مسئلہ نہیں، ٹیموں کے لئے سکیورٹی اہلکار مقرر ہیں کوئی بھی ٹیم سکیورٹی کے بغیر نہ جائے، سعادت حسن

لورالائی (ن ن) کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن نے کہا ہے کہ پولیو ایک مہلک مرض ہے جو کہ معصوم بچوں کو بیماری میں مبتلا کرتی ہے اس کا خاتمہ نہایت ضروری ہے حکومت پولیو کے خاتمے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے اور بھرپور وسائل خرچ کر رہی ہیں متعلقہ اہلکاروں کی لاپرواہی ناقابل برداشت ہیں جہاں غفلت ہو رہی ہے اور کمزور کارکردگی ہیں۔ ان پر خصوصی توجہ دیں ہر ضلع کے ڈپٹی کمشنر اور ڈی ایچ او خود مہم کی نگرانی اور فیلڈ وزٹ کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈویژنل ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو مہم کے اجلاس میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ڈی آئی جی پولیس لورالائی رینج محمد کلیم ...، ڈپٹی کمشنر لورالائی میران خان بلوچ، ڈی ایچ او لورالائی ڈاکٹر عبدالحمید، ڈی پی ایچ او ڈاکٹر محمد ایاز، ڈی ایس ایم پی ایچ آئی لورالائی فرمان خان، فوکل پرسن مختیار خان لونی و دیگر نے شرکت کی۔ جبکہ ڈویژن کے دیگر اضلاع دکی، بارکھان اور موسیٰ خیل کے ڈپٹی کمشنرز و ڈی ایچ اوز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔ اجلاس میں 3 فروری 2025 کو شروع ہونے والی سال کے دوسرے انسداد پولیو مہم کی تیاری کے حوالے سے غور کیا گیا، مہم کی بہتری کیلئے مختلف تجاویز پیش کی گئی اور پچھلے مہم میں مس ہونے والے بچوں کی وجوہات معلوم کی گئی۔ کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن نے مزید کہا کہ کوئی بھی بچہ مس نہ ہو اور ہر بچہ جو پانچ سال سے کم ہیں ان کو دو قطرے ضرور پلائے ہیں جو بھی اہلکار لاپرواہی کرے گا اسے تبدیل کیا جائے گا۔ ٹریننگ ریگولر کروایا جائے اور آنے والے مہم میں ایک نئے جذبے سے کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی ڈویژن میں سکیورٹی کا مسئلہ نہیں ہے پولیو ٹیموں کے لئے سکیورٹی اہلکار مقرر ہیں کوئی بھی ٹیم سکیورٹی کے بغیر نہ جائے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 16 JAN 2025 Page No. 15


## تمام تحصیلدار 23 جنوری تک رپورٹ جمع کرائیں، ڈی سی کوئٹہ

### ملازمین ٹائم کی پابندی کریں اور عوام کی دادرسی کریں، سعد بن اسعد

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسعد کی زیر صدارت کوئٹہ کی جمع بندیوں کی رپورٹ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تحصیلدار (کچلاک) زبیر احمد کرد، تحصیلدار (سٹی) ہمایوں خان، تحصیلدار (صدر) کریم بخش، تحصیلدار (سریاب) شیر دل خان اور ریونیو عملے نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو کوئٹہ کے تمام محلات، موضع اور وارڈز کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ جو کہ تمام سب ڈویژنز میں اب تک 80% کام مکمل ہو چکا ہے بقایا کام کو جلد مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ اجلاس سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا تمام سب ڈویژنوں کے تحصیلداران 23 جنوری 2025ء تک اپنی مکمل شدہ رپورٹ پیش کریں بصورت دیگر انکے خلاف تادیبی کاروائی کی جائیگی۔ دریں اثنا ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسعد نے ڈی سی آفس کے تمام ملازمین کے ساتھ ملاقات کی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے تمام ملازمین کو اپنے دفتر میں حاضر کر کے ہر ایک سے الگ الگ جواب طلبی کی جن میں جنرل برانچ، ایڈمن برانچ، ریونیو برانچ، لوکل ڈومیسائل برانچ، کمپیوٹر سیل، ڈاک لرنرز، جنرل آفس کے آفیسران و اہلکاران شامل تھے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے تمام ملازمین کو سخت وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام ملازمین ٹائم پر دفتر حاضر ہوں اور ہر ملازم اپنی برانچ میں پوری محنت و لگن سے کام کرے اس دوران جتنے ملازم غیر حاضر تھے ان سب کی تنخواہیں بند کر دی جائیگی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے سختی سے تاکید کی کہ جو بھی ملازم بلا وجہ غیر حاضری کریگا انکے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین عوام کے خادم ہیں دفتر آنے والے سائلین کی فوری دادرسی کریں۔

INTEKHAB QUETTA

## محکمہ مواصلات و تعمیرات میں اندھیر نگری چوپٹ راج، 13 ارب سے زائد کی بے قاعدگیاں

آڈٹ رپورٹ کے مطابق محکمے میں 12 ارب گیارہ کروڑ روپے کے غیر مجاز اخراجات کئے گئے اس کے علاوہ حکومتی ٹیکسوں کی مد میں 52 کروڑ روپے کی کم وصولی کی نشاندہی کی گئی

### سرکاری خزانے سے 61 کروڑ 92 لاکھ روپے کی اضافی ادائیگیاں کی گئیں جبکہ محکمے نے 9 کروڑ 50 لاکھ روپے کی وصولیاں بھی نہیں کیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے محکمہ مواصلات و تعمیرات میں 13 ارب 34 کروڑ روپے سے زائد کی مالی بے قاعدگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع محکمہ خزانہ کے مطابق یہ بے ضابطگیاں مالی سال 23-2021 کے دوران سامنے آئیں آڈٹ رپورٹ کے مطابق محکمے میں 12 ارب 11 کروڑ روپے کے غیر مجاز اخراجات کیے گئے۔ اس کے علاوہ حکومتی ٹیکسوں کی مد میں 52 کروڑ روپے کی کم وصولی کی نشاندہی کی گئی۔ مزید برآں، سرکاری خزانے سے 61 کروڑ 92 لاکھ روپے کی اضافی ادائیگیاں کی گئیں، جب کہ محکمے نے 9 کروڑ 50 لاکھ روپے کی وصولیاں بھی نہیں کیں آڈٹ کے دوران بے قاعدگیوں کے حوالے سے محکمے کی جانب سے دیے گئے جوابات غیر تسلی بخش قرار دیے گئے۔ رپورٹ میں ذمہ دار افراد کی نشاندہی اور ان کے خلاف کارروائی کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

سفارش کی گئی ہے ذرائع کے مطابق یہ بے قاعدگیاں سرکاری ٹیکسوں کی کم وصولی، اضافی ادائیگیاں، اور وصولیوں میں غفلت کے نتیجے میں سامنے آئیں۔ محکمے کی ناقص مالی حکمت عملی اور شفافیت کے فقدان پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 16 JAN 2025

Page No. 17

## خضدار، نواب زہری کی کوششوں سے مزید 2 لاپتہ افراد بازیاب

**9 جنوری کو زہری سے متعدد افراد لاپتہ ہوئے، بازیابی پر لواحقین کا چیف آف جھالاوان سے اظہار تشکر**

خضدار (آن لائن) چیف آف جھالاوان نواب ثناءاللہ زہری کی کوششوں سے مزید دو افراد داد قادر اور کریم بازیاب، دونوں کو پیپلز پارٹی ضلع خضدار کے صدر میر عبدالرحمٰن زہری ڈسٹرکٹ چیئرمین کے پرسنل سیکرٹری عبدالمالک باجوئی کے حوالے کر دیا گیا، 9 جنوری کو زہری سے متعدد افراد لاپتہ ہوئے تھے، گزشتہ روز نواب زہری کی کوششوں سے پانچ افراد رہا ہوئے تھے اور چار افراد کو انتظامیہ نے عدالت میں پیش کیا، متاثرہ خاندانوں نے زیرو پوائنٹ شہید سکندر آباد سوراب کے مقام پر 36 گھنٹے طویل دھرنا دے کر قومی شاہراہ کو ہر قسم کے ٹریفک کے لئے بند کر دی تھی بعدازاں نواب زہری کی یقین دہانی پر دھرنا ختم کر دیا، لاپتہ افراد کے لواحقین نے نواب ثناءاللہ زہری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پیپلز پارٹی ضلع خضدار کے صدر میر عبدالرحمٰن زہری اور عبدالمالک باجوئی کے کردار کو سراہا۔

## حکومت نے عوام کو نظرانداز کرنے کی پالیسی اپنالی، مولانا عبدالواسع

**صوبے کو معاہدے کے تحت کسی کمپنی کے حوالے کر دیا گیا، حکومتی کارکردگی مایوس کن ہے، بیان**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے حکومت کی مایوس کن کارکردگی پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ صوبہ ایک معاہدے کے تحت کسی کمپنی کے حوالے کر دیا گیا ہے، جسے عوام کی فلاح و بہبود سے کوئی سروکار نہیں، بیوروکریسی کی من مانیاں عروج پر ہیں اور عوامی مسائل کے حل میں حکومت کی عدم دلچسپی نے عوام کو مایوسی اور اضطراب میں مبتلا کر دیا ہے۔ حکومت حالات کو سنبھالنے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی ارکان ترقیاتی فنڈز کی تقسیم پر شدید کشمکش میں مبتلا ہیں جبکہ امن و امان کی صورتحال قابو سے باہر ہو چکی ہے۔ عوام کو اپنائیت کا احساس دلانے کی بجائے انہیں نظرانداز کرنے کی روش اپنائی جا رہی ہے جو انتہائی مایوس کن ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت نے ہمیشہ جمہوری عمل میں صف اول کا کردار ادا کیا، مگر اس کا صلہ ہمیں دیوار سے لگا کر دیا جا رہا ہے۔ اپوزیشن میں ہوتے ہوئے بھی جمعیت عوامی مسائل کے حل کے لئے سب سے زیادہ فعال رہی ہے اور عوام کی امیدوں کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر بندش نے صوبے کی نصف سے زیادہ آبادی کو متاثر کیا ہے۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ عوام کی بھرپور تائید سے جس میں 20 تاریخ سے تحریک کا آغاز کیا جا رہا ہے۔

## صوبے میں قیام امن کیلئے وزیراعلیٰ گرینڈ جرگہ بلائیں، کریم نوشیروانی

**بلوچستان کی منتشر آبادی کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے وفاق کا خصوصی تعاون ناگزیر ہے**

کوئٹہ/کراچی (پ ر) سابق صوبائی وزیر میر کریم نوشیروانی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان منتشر آبادی والا صوبہ ہے۔ دور دراز علاقوں میں پھیلی آبادی کو صوبائی وسائل سے سہولیات کی فراہمی ممکن نہیں۔ بلوچستان کی ترقی کیلئے وفاق سے اسپیشل فنڈز کی فراہمی ضروری ہے تاکہ صوبے کے لوگوں کو زندگی کی بنیادی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اس کیلئے بلوچستان کیلئے بجٹ میں فنڈز بڑھائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہزاروں پڑھے لکھے نوجوان بے روزگار ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان دبئی، ابوظہبی اور قطر کا دورہ کریں اور ان کے حکمرانوں سے ملاقات کر کے بلوچستان کے کم از کم 20 ہزار نوجوانوں کیلئے روزگار فراہمی کی درخواست کریں۔ انہوں نے کہا کہ دبئی، ابوظہبی اور قطر کے حکمران پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کی ترقی چاہتے ہیں اور دبئی کے شیخ نے بلوچستان کی ترقی کیلئے اربوں روپے کے فنڈز فراہم کیے ہیں۔ وزیراعلیٰ ان سے زراعت صحت اور سڑکوں کی تعمیر میں تعاون مانگیں۔ وزیراعلیٰ کے دورے سے نہ صرف بلوچستان میں ترقی کی راہ ہموار ہوگی بلکہ یہاں کے نوجوانوں کو دبئی، ابوظہبی اور قطر میں روزگار کی راہیں بھی کھلیں گی۔ جس سے بلوچستان میں بیروزگاری میں کمی آئیگی اور امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے میں مدد ملیگی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان ذہین ہیں اور اگر ان کو موقع فراہم کیا جائے تو نہ صرف اپنے گھر کی کفالت بلکہ ملک اور صوبے کیلئے زرمبادلہ کمانے کا ذریعہ بھی بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو بدامنی جیسے مسئلے کا بھی سامنا ہے۔ اس مسئلے پر قابو پانے کیلئے وزیراعلیٰ ایک گرینڈ جرگہ بلائیں اور جرگے سے بدامنی پر قابو پانے کیلئے لائحہ عمل تلاش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک عوام تعاون نہیں کریں گے بلوچستان میں قیام امن ممکن نہیں۔

## کوئٹہ میں صفائی کی ناقص صورتحال کا نوٹس لیا جائے، جمعیت نظریاتی

**نکاسی آب کا نظام مفلوج اور جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں، قاری مہراللہ**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا نیاز محمد، مولنا خدائے نذر آغا ابراہیم شاہ، حاجی نادر خان اچکزئی، مولانا محمد ابراہیم اور مولانا رحمت اللہ حقانی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں تو دوسری نکاسی آب کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہے نالیاں بند رہنے سے گندا پانی سڑکوں پر بہہ رہا ہے جس سے شہریوں کو آمدورفت میں مصائب کا سامنا ہے صفائی کی ابتر صورتحال سے وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ ہے رہنماؤں نے کہا کہ بارشوں سے قبل میٹروپولیٹن نالوں کی صفائی اور کچرے کے ڈھیر اٹھانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 16 JAN 2025 Page No. 18


## ڈیرہ مراد جمالی: اسلحہ اسمگل کرنے کے الزام میں نصیر آباد پولیس کے تین اہلکار گرفتار

**مہران گاڑی سے ایک ایس ایم، دو پستول، جی تھری، پستول اور ایس ایم جی کے 3 ہزار سات سو راؤنڈز برآمد**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) بی کے قریب پولیس وحساس اداروں نے کوئٹہ سے ڈیرہ مراد جمالی اسلحہ اسمگل کرنے کے الزام میں نصیر آباد پولیس کے تین اہلکاروں کو گرفتار کر کے اسلحہ اور بھاری تعداد میں راونڈز برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی۔ پولیس کے مطابق خفیہ اطلاع ملنے پر پولیس اور حساس اداروں نے کوئٹہ سے ڈیرہ مراد جمالی آنے والی مہران گاڑی پر کوئٹہ سے ڈیرہ مراد جمالی اسلحہ اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا کر ایک عدد ایس ایم جی، دو پستول، جی تھری کے راؤنڈز 2 ہزار پستول کے راونڈز 12 سو اور ایس ایم جی کے 5 سو راؤنڈز برآمد کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔

## تحصیل زہری سے ملنے والی لاش کی شناخت، شاہزیب لاہور کا رہائشی ہے

خضدار (نامہ نگار) گزشتہ روز تحصیل زہری میں نامعلوم شخص کی شناخت انیس سالہ شاہزیب ولد محمد ریاست کے نام سے ہوئی ہے ساکن لاہور کے نام سے ہوئی ہے میت زہری اسپتال میں رکھی گئی ہے جس کسی کو بھی ان کے ورثا یا متوفی کے متعلق معلوم ہو وہ تحصیل لیویز تھانہ خضدار کے فون نمبر 4126190848 پر رابطہ کرے۔

## نوشکی سے دو بھتہ خور گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) نوشکی کے علاقے کیشنگی گوری لیویز فورس نے کارروائی کرتے ہوئے بختیار احمد ولد گوہر خان اور منیر احمد ولد عزیز اللہ کو گرفتار کر لیا لیویز کے مطابق ملزمان مالداروں، زمینداروں اور کاروباری شخصیت سے بھتہ وصول کررہے تھے

## حب میں فائرنگ سے دو افراد زخمی

حب (نامہ نگار) حب کے علاقے آلہ آباد ٹاؤن میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو افراد عامر ولد گل محمد مینگل اور اکبر ولد رسول بخش زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کیلئے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 16 JAN 2025 Page No. 19


## فنڈز کی عدم فراہمی، مل کی 3 یونین کونسلز کے وارڈز میں مسائل کے انبار لگ گئے

بلدیاتی انتخابات کو کئی سال گزر گئے، تاحال فنڈز سے محروم، چیئرمین سمیت کونسلران فنڈز کی راہ دیکھتے تھک گئے

**وارڈز کے گھمبیر مسائل اور فنڈز کی عدم دستیابی، اکثر کونسلر علاقے میں موجود ووٹرز کے سامنے آنے سے ہچکچانے لگے**

مل (نامہ نگار) بلدیاتی نمائندوں کو فنڈز کی عدم فراہمی مل کے تین یونین کونسلز کے 17 وارڈز میں مسائل کے انبار لگ گئے بلدیاتی انتخابات کو کئی سال گزر گئے کونسلران تاحال فنڈز سے محروم تین یونین چیئرمین سمیت ٹوٹل 25 کونسلران فنڈز کی راہ دیکھتے دیکھتے تھک گئے وارڈز کے گھمبیر مسائل اور فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے اکثر کونسلران علاقے سے باہر علاقے میں موجود کونسلران ووٹرز کے سامنے آنے سے ہچکچانے لگے یونین کونسل ماکلی، یونین کونسل سرل، یونین کونسل گومازئی ڈیڈار کے کونسلران تاحال فنڈز سے محروم ہیں الیکشن کمپین میں لاکھوں کے اخراجات برداشت کرنے کے بعد کونسلران نے بھاری فنڈز کے آسرے پر بلدیاتی انتخابات میں حصہ لیا اور اپنے اپنے وارڈز میں ووٹرز سے وعدے بھی کیے مگر کونسلران اب نام کے کونسلران رہ گئے ہیں جنہوں نے بلدیاتی انتخابات کے کئی معرکے آخر تک سر کر لیے مگر صوبائی حکومت کی جانب سے بلدیاتی نمائندوں کو فنڈز سے محروم رکھ کر کونسلران کی امیدوں پر پانی پھیر دیا ہے اکثر کونسلران کا موقف ہے کہ اگر بلدیاتی نمائندوں کی یہ حالت کا پتہ ہوتا تو بلدیاتی انتخابات میں بالکل حصہ نہیں لیتے ہم نے عوام کی خدمت کی خاطر بلدیاتی انتخابات میں حصہ لیا فنڈز کی عدم فراہمی نے ہمیں عوام کی خدمت سے دور رکھا ہے صوبائی حکومت کو چاہیے کہ وہ بلدیاتی نمائندوں کی فنڈز کی جلد فراہمی کرے تاکہ کونسلران اپنے وارڈز میں بنیادی مسائل حل اور اپنے ووٹرز کے سامنے سرخرو ہو سکیں۔

## پنجگور شدید سردی کی لپیٹ میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر گیا

بجلی نہ ہونے کے برابر ہے، لکڑی کا فی من 15 سو تک پہنچ گیا، غریب عوام کا کوئی پرسان حال نہیں

**بلوچستان کے بہت سے ڈسٹرکٹس کو پلانٹ سے گیس فراہم کی جارہی ہے لیکن پنجگور یکسر نظر انداز ہے**

پنجگور (یو این اے) پنجگور شدید سردی کی لپیٹ میں ہے سردی سے بچنے کے لیے کوئی سہولیات میسر نہیں پنجگور کا شمار ملک کے سرد ترین علاقوں میں ہوتا ہے جہاں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر کر منفی 4/5 تک پہنچ جاتا ہے مگر گیس سرے سے موجود نہیں بجلی نہ ہونے کے برابر ہے اگر بجلی ہوتا تو لوگ پھر بھی گزارہ کرتے سردی سے بچنے کے لیے لوگ لکڑی کا سہارا لیتے ہیں مگر فی من 15 سو تک پہنچ گیا ہے پنجگور کے لوگ سخت سردیوں میں بدحالی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہوگئے ہیں بلوچستان کے بہت سے ڈسٹرکٹ کو گزشتہ دس پندرہ سالوں کے دوران گیس پلانٹ سسٹم سے گیس فراہم کی جارہی ہے درمیان میں پنجگور جیسے انتہائی سرد علاقے کو یکسر نظر انداز کر دیا گیا ہے حالانکہ ایک سیاسی جماعتوں کے انتخابی منشور کا حصہ تھا مگر وفاق کی سطح پر اس جماعت کی نمائندگی نہ ہونے سے یہ مسلہ تاحال باقی ہے جن جماعتوں کے نمائندگی قومی اسمبلی اور سینیٹ میں موجود ہے ان کو چاہیئے کہ پنجگور کو گیس کی فراہمی کے لیے اپنے کردار ادا کریں خصوصا نیشنل پارٹی کی نمائندگی قومی اسمبلی اور سینٹ میں موجود ہے کیونکہ پنجگور کا شمار ملک کے انتہائی سرد ترین علاقوں میں ہوتا ہے اور گیس کی فراہمی علاقے کا حق بنتا ہے۔


Century Express Quetta


## اشیاءخورونوش کی قیمتوں میں اضافہ، خریدار پریشان

**سبزی، پھل، دودھ، مرغی اور گوشت کے من مانے ریٹ، پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ شہر میں سبزیاں، پھل اور فارمی مرغی دودھ دہی سمیت تمام اشیاء مہنگے داموں فروخت کی جارہی ہیں ضلعی انتظامیہ بھی منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے میں بے بس دکھائی دے رہی ہے، شہر کے کسی بھی علاقے میں پرائس کنٹرول کمیٹی کی رٹ نظر نہیں آتی خریداروں کا کہنا ہے کہ منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے بازار میں فارمی مرغی کا گوشت 700 روپے فی کلو تک فروخت کیا جارہا ہے جبکہ فارمی انڈے 370 روپے درجن، ٹماٹر 180 روپے فی کلو اور دودھ دہی کی قیمتوں میں بھی اضافہ کر دیا گیا، بکرے کا گوشت 2000 سے 2300 روپے فی کلو، بیل کا گوشت 1300 روپے فروخت کیا جارہا ہے جس پر ہر خریدار طبقہ پریشان ہے دوسری جانب کاسی روڈ سمیت جائنٹ روڈ چینی روڈ سمنگلی روڈ سریاب روڈ سمیت شہر کی جگہ جگہ پر کھڑی ریڑھی والوں نے بھی من مانے دام مقرر کر رکھے ہیں جن کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا جارہا عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ انہیں اس بڑھتی ہوئی مہنگائی سے نجات دلا کر پرائس کنٹرول کمیٹی کو فعال کرے تاکہ انہیں سستے داموں اشیاء خوردونوش مل سکیں۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 16 JAN 2025

Page No. 20


# بلوچستان میں کم شرح خواندگی کے چیلنجز اور کرپشن کا نظام!

بلوچستان میں تعلیم کی شرح بہت کم ہے، تعلیمی اداروں کی صورتحال ابتر ہے، لاکھوں کی تعداد میں بچوں کا سکولوں سے باہر ہونے کی ایک بڑی وجہ اساتذہ کی غیر حاضری، کتابوں سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی ہے۔ بلوچستان کے بیشتر اسکولوں کی عمارتیں خستہ حالت میں ہیں جبکہ بعض اضلاع میں بغیر چھت اور کرسی کے فرش پر اور کھلے آسمان تلے بچے پڑھائی کرتے ہیں حالانکہ بلوچستان میں تعلیم کیلئے خطیر رقم اس بنیاد پر مختص کی جاتی ہے کہ بچوں کو معیاری تعلیم سمیت تمام تر سہولیات حاصل ہوں مگر اب تک تعلیم کی صورتحال میں کوئی بہتری نہیں آئی ہے جبکہ کرپشن کے کیسز ضرور سامنے آرہے ہیں جو کہ ایک بہت بڑا المیہ ہے۔ انسانی وسائل پر رقم مختص کرکے نوجوان نسل کو تعلیم یافتہ اور ہنر مند بنا کر انہیں باصلاحیت بنایا جاتا ہے تاکہ ان کا مستقبل بہترین ہو اور وہ مختلف شعبوں سے وابستہ ہوکر نہ صرف بلوچستان کی خدمت کریں بلکہ ایک بہترین روزگار کا حصول بھی ان کیلئے ممکن ہو۔ انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ بلوچستان میں نصابی کتابوں کی چھپائی میں اربوں روپے کرپشن کے انکشافات سامنے آرہے ہیں۔ بلوچستان کے محکمہ تعلیم کے زیر انتظام بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی 5 سالہ آڈٹ رپورٹ نے بورڈ میں ڈیڑھ ارب روپے سے زائد کے گھپلوں کی نشاندہی کی ہے۔ آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے حوالے سے آڈٹ رپورٹ تیار کرکے صوبائی اسمبلی میں پیش کردی گئی ہے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق 2017 سے 2022 کے دوران ضرورت کے برعکس کتابوں کی مشکوک پرنٹنگ سے قومی خزانے کو 11 کروڑ 64 لاکھ کا نقصان پہنچایا گیا، کاغذ اور دیگر پرنٹنگ میٹیریل کی خریداری میں تقریباً 53 کروڑ 80 لاکھ جب کہ وینڈرز کو غیر ضروری رعایت دینے سے 23 کروڑ 85 لاکھ روپے کی بے قاعدگی سامنے آئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اسکولوں اور کالجز کے لیے چھپنے والے کتب رکھنے کیلئے عمارت کے حصول میں قومی خزانے کو 11 کروڑ کا ٹیکا لگایا گیا، اسی طرح لائسنس فیس کی مد میں غیر ضروری اخراجات سے 21 کروڑ جبکہ گورنمنٹ ٹیکس کی کم کٹوتی سے قومی خزانے کو 27 کروڑ 23 لاکھ کا نقصان اٹھانا پڑا۔ بلوچستان اسمبلی نے مزید چھان بین کیلئے آڈٹ رپورٹ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سپرد کردی ہے۔ اب اس آڈٹ رپورٹ کی پبلک کمیٹی کے پاس منتقلی کے بعد کیا ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں آئے گی؟ اس پورے عمل میں یقیناً نظام کے اندر موجود شخصیات اور ان کے منظور نظر افراد بھی ملوث ہونگے ان کے بغیر کرپشن کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، سسٹم کے اندر رہنے والے ہی نظام کو شفاف بنا سکتے ہیں یا پھر کرپٹ کرتے ہیں۔ بلوچستان حکومت کو ان عناصر پر ہاتھ ڈالنا ہوگا تاکہ نظام کے اندر موجود کرپٹ لوگوں کا احتساب ہوسکے، بلاتفریق کارروائی کو یقینی بنانے کے لیے ان کو مکمل نظام سے الگ رکھا جائے تاکہ کرپشن کے رجحان کا خاتمہ یقینی ہو۔ بلوچستان میں پہلے سے ہی تعلیم کی صورتحال ابتر ہے جس کے پیچھے اسی طرح کے عناصر کارفرما ہیں جو تعلیمی اداروں پر خرچ ہونے والی رقم کو ہڑپ کرکے بچوں اور نوجوانوں کے تعلیمی مستقبل کے ساتھ کھلواڑ کررہے ہیں۔ امید ہے کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا تاکہ تعلیم سمیت دیگر شعبوں سے کرپٹ عناصر کا خاتمہ ممکن ہوجاسکے اور اداروں میں بہتری آسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 16 JAN 2025 Page No. 21


## دہشتگردی کے خاتمہ کیلئے بیش بہا قربانیوں کی بدولت فتنۃ الخوارج ہمیشہ کیلئے دم توڑ جائیگا

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے بیش بہا قربانیوں کی بدولت فتنۃ الخوارج ہمیشہ کیلئے دم توڑ جائے گا، پاکستان دوبارہ امن کا گہوارہ بنے گا، پی آئی اے کے حوالےسے بندشیں ختم ہورہی ہیں، لندن کی پروازیں بھی جلد بحال ہوں گی، وفاق صوبوں کے ساتھ مل کر تعلیمی میدان میں درپیش چیلنجز کو حل کرنے کے لئے متحرک کردار ادا کرے گا۔ افواج پاکستان آرمی چیف کی قیادت میں فتنۃ الخوارج کے خلاف آپریشن شروع کررکھا ہے۔ دن رات کارروائیاں ہورہی ہیں۔ بلوچستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 27 دہشت گرد جہنم رسید کئے گئے ہیں۔ دیگر جگہوں پر بھی آپریشن جاری ہیں۔ بیش بہا قربانیاں دی جارہی ہیں جن کا ہم سب کو ادراک اور احساس ہونا چاہیے۔ ان قربانیوں کی بدولت فتنۃ الخوارج ہمیشہ کے لئے دم توڑ جائے گا اور پاکستان انشاءاللہ دوبارہ امن کا گہوارہ بنے گا جیسے 2018 میں نواز شریف کی قیادت میں پاکستان میں امن قائم ہوا تھا ویسے ہی دوبارہ امن قائم ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ تاریخ ان قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ وزیراعظم نے چند روز قبل اسلام آباد میں اسلامی دنیا اور معاشروں میں خواتین کی تعلیم کے حوالےسے شاندار کانفرنس کے انعقاد پر وزارت تعلیم اور وزارت اطلاعات سمیت متعلقہ حکام کو شاباش دی۔ انہوں نے کہا کہ کانفرنس میں خواتین اور بچیوں کی تعلیم کے حوالے سے مقالے پڑھے گئے۔ پاکستان میں خواتین کی تعلیم کے حوالےسے بڑے چیلنجز درپیش ہیں۔ 22.8 ملین بچے سکولوں سے باہر ہیں جن میں اکثریت بچیوں کی ہے، یہ بہت بڑا چیلنج ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ او آئی سی کے سیکرٹری جنرل اور مسلم ممالک کے وزرائے تعلیم اور ملالہ یوسفزئی کی کانفرنس میں موجودگی خوش آئند تھی۔ تعلیم کا شعبہ صوبوں کو منتقل ہو چکا ہے لیکن وفاق کا بھی بہت بڑا کردار ہے۔ وفاق کو صوبوں کے ساتھ مل کر تعلیم کے میدان میں جو مشکلات اور چیلنجز ہیں ان کو حل کرنے کیلئے متحرک کردار ادا کرنا چاہیے۔ ہم نے تعلیمی ایمرجنسی ڈکلیئر کی تھی۔ وزیراعظم نے وزیر تعلیم کو ہدایت کی کہ وہ صوبوں کے ساتھ قریبی رابطہ استوار کرکے تعلیم کے میدان میں موجود مشکلات اور چیلنجز سے نبردآزما ہوں، یہ قومی خدمت ہوگی۔ وزیراعظم نے پی آئی اے کی یورپ کے لئے پروازوں کی بحالی کو بڑی کامیابی قرار دیا اور کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ حکومت کے وزیر ہوابازی نے پارلیمان میں کھڑے ہوکر پاکستانی معیشت کو تباہ کرنے کیلئے جو تقریر کی، اس کے تباہ کن نتائج برآمد ہوئے اور پاکستان کے عوام اور معیشت نے اس کا خمیازہ بھگتا۔ کئی سال کی معاشی تباہی کے بعد پی آئی اے پر جو بندشیں عائد ہوئی تھیں ان کا اب خاتمہ ہو رہا ہے۔ یہ ایک بہت بڑا اسیٹ بیک تھا۔ وزیراعظم نے وزیر دفاع اور متعلقہ حکام کو اس کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ان کی کاوشیں رنگ لائی ہیں اور امید ہے کہ لندن کے لئے پی آئی اے کی پروازیں جلد بحال ہوں گی اور پاکستانی مسافروں کی مشکلات کم ہوں گی۔ وزیراعظم نے کابینہ کو پنجگور میں نئی پاک ایران سرحدی کراسنگ کے آغاز کے بارے میں آگاہ کیا اور کہا کہ اس سے قانونی تجارت کو فروغ ملیگا اور سمگلنگ کی روک تھام ہوگی۔ وزیراعظم نے اس سلسلہ میں ایران کے تعاون کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کابینہ کو بتایا کرم میں حالات اب معمول پر آرہے ہیں۔ امن معاہدے کو بڑا دھچکا لگا تھا لیکن اب صورتحال بہتر ہورہی ہے۔ مورچے مسمار کئے جارہے ہیں۔ خوراک اور ادویات کی سپلائی بحال ہو گئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ تمام سٹیک ہولڈر امن قائم کرنے اور متحارب گروپس میں کشیدگی کے خاتمہ کے لئے مل بیٹھیں تاکہ آئندہ ایسا واقعہ نہ ہو۔ وزیراعظم نے کہا کہ وزارت بجلی کی ٹاسک فورس تیزی سے کام کررہی ہے۔ جنکوز کا کیا کام ہے کہ وہ ٹھیکس لیں، یہ سرکار کا کام ہے کہ وہ ٹیکس لیں، ڈالر میں ان کو ادائیگیاں ہونا بھی ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ کابینہ اس حوالےسے اقدامات کا جائزہ لے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گزشتہ دور (پی ٹی آئی دور حکومت) میں معیشت کو تباہ کن نقصان پہنچایا گیا، فتنۃ الخوارج کے خلاف دن رات آپریشنز جاری ہیں، بیش بہا قربانیوں سے یہ فتنہ ہمیشہ کیلئے دم توڑ جائے گا، کرم میں حالات اب معمول پر آرہے ہیں، تمام اسٹیک ہولڈرز مل کر وہاں پر امن کو قائم رکھیں گے اور متحارب گروپوں میں جاری کشیدگی کو ختم کرنے کے لیے مشترکہ طور پر کردار ادا کریں گے تاکہ آئندہ ایسے واقعات دوبارہ نہ ہوں گزشتہ دنوں پاکستان میں خواتین کی تعلیم کے حوالے سے شاندار کانفرنس ہوئی، جس کے لیے وزیر تعلیم، سیکرٹری تعلیم، وزیر اطلاعات و دیگر نے بہت اچھی تیاری کی۔ کانفرنس میں او آئی سی کے سیکرٹری جنرل اور دیگر ممالک کے وزرائے تعلیم اور مہمانان نے شرکت کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No. 6

Dated: 16 JAN 2025

Page No. 22


## بلوچستان میں کوئلہ کان کنی کی صنعت، توجہ اور منصوبہ بندی کی ضرورت!!

بلوچستان کی کوئلہ کانیں ایک عرصے سے کان کنوں کے لئے موت کا مستقل ٹھکانہ بنی ہوئی ہیں۔ آئے روز ایسے دلخراش واقعات رونما ہوتے ہیں جن میں غریب اور بے بس کان کن اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ تازہ ترین حادثہ گزشتہ دنوں کوئٹہ کے علاقے سنجدی میں پیش آیا جہاں گیس بھر جانے کے باعث ایک کان بیٹھ گئی اور 12 کان کن ملبے تلے دب کر جاں بحق ہو گئے۔ پانچ روز تک جاری رہنے والے ریسکیو آپریشن کے بعد تمام لاشیں نکال لی گئیں اور کان کو سیل کر دیا گیا۔ لیکن یہ سوال اپنی جگہ قائم ہے کہ آخر کب تک ان کان کنوں کی زندگیاں یوں ہی ضائع ہوتی رہیں گی؟ کب تک ہم ایسے واقعات پر محض افسوس کا اظہار کرتے رہیں گے اور کب تک ذمہ دار عناصر اپنے فرائض سے غفلت برتتے رہیں گے؟ کان کنی کے دوران رونما ہونے والے حالیہ افسوسناک واقعات کے پیش نظر، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ مائنز اینڈ منرلز اور کان مالکان کے نمائندوں کا ایک اہم اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا ہے جس کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان نے حالیہ کوئلے کان حادثات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ مائنز کی معائنہ ٹیموں کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ناقابل قبول ہے کہ امن وامان کے مسائل کی آڑ میں انسپکٹرز اپنی ذمہ داریاں پوری نہ کریں۔ وزیر اعلیٰ نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جو ملازمین اپنے فرائض ادا نہیں کر سکتے، وہ مستعفی ہو کر گھر بیٹھ جائیں وزیر اعلیٰ نے حادثات کے ذمہ دار افراد کے خلاف فوری کارروائی اور سنجدی کان حادثے کے نامزد ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا۔ انہوں نے انسپکٹر کی معطلی اور واقعے کی تحقیقات چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے سپرد کرنے کی ہدایت بھی جاری کی، اور جاں بحق مزدوروں کے معاوضے کی فوری ادائیگی یقینی بنانے اور تمام کان مزدوروں کی متعلقہ اتھارٹی میں رجسٹریشن کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے محکمہ مائنز کو ایک جامع پروپوزل مرتب کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت مطلوبہ وسائل فراہم کرے گی تاکہ حادثات کی روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ مستقبل میں غفلت کے کسی بھی واقعے کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور سخت کارروائی کی جائے گی حالیہ واقعات کی تحقیقاتی رپورٹ آنے پر غفلت کے مرتکب ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور لیز منسوخ کی جائے گی۔ دیکھا جائے تو سنجدی کا واقعہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ہے۔ بلوچستان کی تاریخ ایسے المناک واقعات سے بھری پڑی ہے۔ ہر سال درجنوں کان کن ناقص حفاظتی انتظامات، گیس بھر جانے، کان بیٹھ جانے اور دیگر حادثات کے نتیجے میں اپنی جانیں گنواتے ہیں۔ ان کان کنوں کی اکثریت کا تعلق خیبر پختونخوا اور افغانستان سمیت اندرون ملک دیگر دور دراز علاقوں سے ہوتا ہے جو روزگار کی تلاش میں بلوچستان آتے ہیں اور پھر یہاں کی کوئلہ کانوں کی تاریک گہرائیوں میں اپنی زندگی کی بازی ہار جاتے ہیں۔ یہ ایک المیہ ہے کہ ہر واقعے کے بعد کچھ دن تک شور مچتا ہے، حکومتی اہلکار موقع پر پہنچ کر تحقیقات کا حکم دیتے ہیں، امدادی کارروائیاں کی جاتی ہیں اور پھر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ سب کچھ معمول پر آ جاتا ہے۔ کان مالکان اور ذمہ دار عناصر اس واقعے کو بھلا کر دوبارہ وہی پرانا سلسلہ شروع کر دیتے ہیں۔ حفاظتی اقدامات پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی اور کان کنوں کو ایک بار پھر موت کے منہ میں دھکیل دیا جاتا ہے۔ بلوچستان میں کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے کان کن انتہائی نامساعد حالات میں کام کرتے ہیں۔ انہیں نہ تو مناسب اجرت ملتی ہے اور نہ ہی حفاظتی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔ کانوں کی گہرائی میں زہریلی گیسوں، کم آکسیجن اور دیگر خطرناک حالات میں کام کرنا ان کی مجبوری بن چکا ہے۔ کان مالکان زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے لالچ میں ان کی زندگیوں کو داؤ پر لگا دیتے ہیں۔ یہ ایک لمحہ فکریہ ہے کہ بلوچستان میں اتنے زیادہ واقعات رونما ہونے کے باوجود آج تک کسی ذمہ دار کو سزا نہیں ملی۔ اسی بے حسی اور عدم احتساب کے باعث ایسے واقعات کا سلسلہ رکنے کا نام نہیں لیتا۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو اس صورتحال کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 16 JAN 2025 Page No. 23

# Eliminating terrorism in Balochistan

Balochistan, the largest and most resource-rich province of Pakistan, has long been a cornerstone of the country's economy. The province not only contributes significantly through its abundant natural resources, including gas, but is also poised to play a pivotal role in Pakistan's future economic development. The development of Gwadar Port and the completion of projects under the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC) hold the promise of boosting the nation's economy. However, despite these developments, the ongoing instability in Balochistan has hindered the province, and by extension, the entire country's progress in the global race for development. Balochistan is currently plagued by a multitude of challenges, including interference from hostile foreign agencies and the presence of terrorist organizations. These elements have a vested interest in preventing Pakistan from emerging as a strong and prosperous nation. The persistent chaos and violence in the region have created a serious law and order situation that threatens the province's security and undermines national stability. It is evident that the turmoil in Balochistan is not just a local issue, but one that affects the overall trajectory of Pakistan's development. The security forces, particularly the Pakistan Army, have made the security of Balochistan a top priority. In recent operations, significant progress has been made. In one such operation in Kachhi District, 27 terrorists, including key leaders of militant groups, were killed. Their hideouts, along with large stockpiles of weapons, ammunition, and explosives, were destroyed. These terrorists were responsible for numerous attacks on innocent civilians and security forces, and their elimination is a significant blow to the forces of extremism. The Inter-Services Public Relations (ISPR) has reaffirmed that the security forces are fully committed to thwarting any efforts to sabotage peace and development in Balochistan. Both President Asif Zardari and Prime Minister Shahbaz Sharif have praised the efforts of the security forces for the successful operation in Kachhi. However, the situation in Balochistan remains complex. While terrorism is undoubtedly a major concern, the withdrawal of U.S. and allied forces from Afghanistan after their negotiations with the Afghan Taliban has only exacerbated the security situation. The ensuing instability has contributed to an environment where terrorism thrives, further complicating efforts to establish lasting peace in Pakistan. Beyond the issue of terrorism, Balochistan faces numerous other challenges, including widespread poverty, unemployment, and the enforced disappearances of political activists. These socio-economic issues have deepened the sense of disenfranchisement in the province. While security operations are crucial, addressing these underlying problems is equally important.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ٹریبیون

Bullet No. 7

Dated: 15-1-2025 Page No. 24

# Arrest of Sanjdi coalmine tragedy accused ordered

OUR CORRESPONDENT
QUETTA

Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has directed the immediate arrest of individuals nominated in the Sanjdi coalmine tragedy.

He issued the order during a high-level meeting with the Mines and Minerals Department and mine owners in which the rising number of accidents in coal mines was critically reviewed.

The CM also ordered the suspension of the concerned inspector, transferring the investigation to the Chief Minister's Inspection Team (CMIT). Expressing dissatisfaction with the Mines Department's inspection teams, he rejected their security-related excuses, insisting that employees failing to fulfil their duties should resign.

The meeting, attended by Provincial Finance and Mineral Development Minister Mir Shoaib Nosherwani, Principal Secretary Babar Khan, DG PDMA Jahanzeb Khan and other officials, also included KP Assembly Opposition Leader Dr Ubaidullah Khan.

Bugti emphasized adopting modern mining safety protocols and ensuring regular inspections to prevent future incidents.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ Q

Bullet No.

Dated 16 JAN 2025

Page No.



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان مختلف محکموں کے آمدنی اور وصولیوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Century Express Quetta



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان مختلف محکموں کی آمدنی اور وصولیوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner